شرجیل خان کی پاکستان کپ کے ساتویں راؤنڈ میں ڈبل سنچری

لاہور،16مارچ2022ء:

ہاؤس آف نادرن اسلام آباد میں کھیلے گئے میچ میں شرجیل خان کی شاندار ڈبل سنچری کی بدولت سندھ نے خیبر پختونخوا کو 29 رنز سے شکست دے دی۔ اوپنر نے 136 گیندوں پر 19 چوکوں اور 14 چھکوں کی بدولت 206 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ سندھ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 6 وکٹوں گنوا کر 374 رنز بنائے۔ عمیر بن یوسف نے 40 رنز اسکور کیے۔ محمد وسیم جونیئر نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں خیبر پختونخوا کی پوری ٹیم 47 اوورز میں 345 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ محمد سرور، عادل امین اور کامران غلام کی نصف سنچریاں رائیگاں گئیں۔ محمد سرور نے 63 گیندوں پر 8 چوکوں اور 5 چھکوں کی مدد سے 89 جبکہ عادل امین نے ایک چھکے اور 8 چوکوں کی بدولت 75 رنز کی اننگز کھیلی۔ کامران غلام 55 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ شاہنواز دھانی نے 64 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں سینٹرل پنجاب نے نادرن کو 66 رنز سے ہرادیا۔ 240 رنز کے تعاقب میں نادرن کی پوری ٹیم **39.2** اوورز میں 173 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ عماد وسیم 47 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ وہاب ریاض نے 22 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ اس سے قبل سعد نسیم اور ظفر گوہر کی نصف سنچریوں کی بدولت سینٹرل پنجاب نے 50 اوورز میں 239 رنز بنائے تھے۔ سعد نسیم 7 چوکوں کی بدولت 84 اور ظفر گوہر 4 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 52 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ عامر جمال نے 3 جبکہ سلمان ارشاد، عماد وسیم اور زمان خان نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں بلوچستان نے سدرن پنجاب کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ حسیب اللہ کی سنچری کی بدولت بلوچستان نے 192 رنز کا ہدف **27.5** اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ نوجوان اوپنر نے 82 گیندوں پر 16 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 106 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ عبدالواحد بنگلزئی نے 10 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 66 رنز اسکور کیے۔ سدرن پنجاب کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے **41.3** اوورز میں 191 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔ شرون سراج 67 اور محمد شہزاد 45 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ عماد بٹ نے تین جبکہ کاشف بھٹی اور یاسر شاہ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS
Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
WASH HANDS
KEEP THE DISTANCE
AVOID CROWD
WEAR MASK
COUGH IN THE ELBOW
KEEP HYDRATED
STAY AT HOME

Commercial Partners

Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4